## سوال

استخارہ اورالہام

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

الہام اوراستخارہ میں کیافرق ہے اوریہ دونوں دلیل ظنی ہیں یایقینی اوران کی بناء پرکسی شخص کے متعلق نیک یابد حکم لگاناکس طرح ہے ؟ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جواستخارہ سے معلوم ہوتاہے وہ بیداری میں ہوتوالہام ہی ہے اورغیر نبی کاالہام دلیل ظنی ہے اوراس میں شیطان کا دخل بھی ممکن ہے اس لیے شریعت کے خلاف ہو تومعتبر نہیں اورکسی پرنیک بدکاحکم بھی اسی درجہ کاہوگاجس درجہ کاالہام ہے اگرکسی کامل بزرگ کاہے تووہ زیادہ قابل اعتماد ہے ورنہ معمولی ہے ۔

وباللہ التوفیق

**فتاویٰ اہلحدیث**

**کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص156**